**13.01.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... فیصل خان

**Music**

---

☆ وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے زور دے کر کہا ہے کہ استحکام، اختراع، تعاون اور پائیداری، برکس 2026 کی، بھارت کی صدر نشینی کی اہم ترجیحات ہوں گی۔

☆ بھارتی فوج کے سربراہ جنرل اُپیندر دویویدی نے آپریشن سندور کو فوج کی تینوں شاخوں کے مابین مطابقت کی بہترین مثال قرار دیا ہے۔ انہوں نے ایک بار پھر کہا ہے کہ پاکستان کی طرف سے غلط ارادے سے کی گئی کسی بھی کارروائی کو موثر طریقے سے نمٹا جائے گا۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ بھارت، اگلے سال کے آخر تک دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بن کر اُبھرے گا۔

☆ NIA نے غیر قانونی بنگلہ دیشی دراندازی کیس کی تحقیقات، دلّی پولیس سے اپنے ہاتھوں میں لے لی ہے۔ ایجنسی نے FIR درج کی ہے۔

☆ اور انڈین اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ آج سے نئی دلّی میں اندرا گاندھی انڈور اسٹیڈیم میں شروع ہوگیا ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Rev Jaishankar BRICS 2026 Logo**

وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے زور دے کر کہا ہے کہ BRICS-2026 کی بھارت کی صدارت کے دوران استحکام، جدت طرازی، اشتراک اور پائیداری اہم ترجیحات ہوں گی۔ BRICS سربراہ کانفرنس کیلئے Logo، موضوع اور ویب سائٹ کے آغاز کے موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، جناب جے شنکر نے کہا کہ یہ ترجیحات، گروپ کے تین بنیادی ستون، سیاسی اور سلامتی، اقتصادی و مالی اور ثقافتی اور عوام سے عوام کے درمیان تبادلوں سے متعلق ایک موزوں اور مربوط طریقۂ کار فراہم کریں گی۔ وزیرِ موصوف نے کہا کہ بھارت، سربراہ کانفرنس کے دوران پوری دنیا کی فلاح و بہبود کیلئے BRICS ملکوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے کی کوشش کرے گا۔

انہوں نے کہا کہ BRICS کے قیام کو اِس سال 20 برس مکمل ہوجائیں گے، جس کے دوران ابھرتی ہوئی منڈیوں

اور ترقی پذیر معیشتوں کے درمیان اشتراک کیلئے یہ ایک اہم پلیٹ فارم کے طور پر ابھرا ہے۔ x

**Army Chief Operation Sindoor**

بھارتی فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دیویدی نے کہا ہے کہ آپریشن سندور، فوج کی تینوں شاخوں کے درمیان مکمل تال میل کی بہترین مثال تھی، جس میں فوج کو کارروائی کرنے کی مکمل آزادی دی گئی تھی۔ آج نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، جنرل دیویدی نے کہا کہ پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد اعلیٰ ترین سطح پر فیصلہ کُن کارروائی کرنے کا واضح فیصلہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن سندور کے دوران دور دراز کے علاقوں میں حملہ کرکے، دہشت گردوں کے بنیادی ڈھانچے کو تباہ کرکے اور طویل عرصے سے دیئے جانے والے نیوکلیائی ہتھیاروں سے متعلق بیانات کو بے اثر کردیا گیا۔ فوج کے سربراہ نے کہا کہ مسلح افواج نے 9 ٹھکانوں میں سے 7 کو کامیابی کے ساتھ تباہ کردیا۔

جنرل دیویدی نے کہا کہ 10 مئی کے بعد سے مغربی محاذ پر اور جموں و کشمیر میں صورتحال حساس لیکن پوری طرح قابو میں ہے۔ انہوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ گذشتہ برس 31 دہشت گردوں کا صفایا کیا گیا، جن میں سے 65 فیصد پاکستان نژاد تھے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ شمالی محاذ پر صورتحال مستحکم ہے لیکن مستقل چوکسی کی ضرورت ہے۔x

**Guj Amit Shah**

داخلی امور اور امداد باہمی کے وزیر امت شاہ نے زور دے کر کہا ہے کہ ملک اِس سال کے آخر تک، دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت کے طور پر اُبھر جائے گا۔ وہ 267 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز اور افتتاح کرنے کے بعد، گاندھی نگر ضلعے میں اپنے آبائی قصبے مانسا میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کررہے تھے۔ جناب شاہ نے کہا کہ حکومت بھارت کو 2047 تک ہر شعبے میں ایک عالمی قاعد بنانے کا پابند ہے۔

اِس موقع پر انہوں نے سومناتھ مندر کو ملک کی شناخت اور خود داری کی علامت قرار دیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ حکومت سومناتھ سوابھیمان پَرو، پورے سال منائے گی، تاکہ مندر کی ہزار سالہ شاندار تاریخ کو نمایاں کیا جاسکے اور خود داری کے اِس ورثے کو مستقبل کی نسلوں کو سونپا جاسکے۔x

**VP Drugs**

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن نے آج کہا ہے کہ ایک وکست بھارت کا نظریہ تبھی حقیقت میں بدل سکتا ہے، جب ملک کے نوجوان نشیلی اشیاء کے استعمال سے پاک، صحت اور اپنے مقصد کیلئے کارفرما رہیں۔ جناب رادھا کرشنن نے یہ بات قومی راجدھانی میں، دلّی یونیورسٹی کی نشیلی اشیاء سے پاک کیمپس مہم سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

نائب صدر جمہوریہ نے کہا کہ یہ مہم، حکومت کے ''نشہ مکت بھارت ابھیان'' سے پوری طرح مطابقت رکھتی ہے۔ انہوں نے خاص طور پر کہا کہ نشیلے مادوں کا غلط استعمال ایک سماجی چیلنج، صحت عامہ کو لاحق تشویش اور ملک کی آبادی کو بانٹ دینے کے تئیں خطرہ ہے۔

جناب رادھا کرشنن نے خاص طور پر کہا کہ یہ ہر وقت ہر ایک کی ضرورت ہے کہ وہ خود کو نشیلی اشیاء سے بچائے

رکھے۔ انہوں نے اِس ضرورت پر زور دیا کہ نشیلی اشیاء کی روک تھام کیلئے آواز اُٹھائی جائے اور اِن کے خلاف ہر ایک کو بیدار کیا جائے۔ جناب رادھا کرشنن نے کہا کہ نشیلی اشیاء سے لوگوں کی جسمانی اور دماغی صحت میں خرابی پیدا ہوتی ہے۔

## Rajnath - Medical Camp

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج لکش دیپ میں، مربوط علاج کے **Multi-Speciality** میڈیکل کیمپ کی افتتاحی تقریب سے خطاب کیا۔ اِس موقع پر انہوں نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے اپنے خطاب میں کہا کہ بڑے پیمانے پر اِس طبی کیمپ کا انعقاد بھارتی بحریہ نے کیا ہے۔ انہوں نے دور دراز کے علاقوں میں شہریوں کو معیاری حفظان صحت فراہم کرنے کے حکومت کے عزم کو اجاگر کیا۔

**SB - Rajnath Singh**

## NIA Illegal Immigration

قومی تفتیشی ایجنسی **NIA** نے غیرقانونی بنگلہ دیشی تارکینِ وطن سے متعلق ایک بڑے **Racket** کی چھان بین اپنے ہاتھ میں لے لی ہے۔ پہلے اِس کی جانچ دلّی پولیس کا اسپیشل سیل کررہا تھا۔ عہدیداروں نے اِس بات کی تصدیق کی ہے کہ **NIA** نے گذشتہ ہفتے اِس معاملے کو باضابطہ طور پر اپنے ہاتھ میں لینے کے بعد ایک نئی **FIR** درج کی ہے۔ ایجنسی نے اپنی چھان بین شروع کردی ہے اور امید ہے کہ اِس نیٹ ورک سے وابستہ پورے گروہ اور رقم کے لین دین کا پتہ لگاکر تحقیقات کو دائرے کو وسیع کیا جائے گا۔ **NIA** نے یہ معاملہ غیرقانونی امیگریشن میں سہولت فراہم کرنے اور اِس سے لاحق سلامتی کو درپیش امکانی خطرات کے پیشِ نظر منظّم نیٹ ورک کے خلاف کارروائی کئے جانے کی امورِ داخلہ کی وزارت کی ہدایت کے بعد اپنے ہاتھ میں لیا ہے۔

اِس سے پہلے دلّی پولیس نے قومی راجدھانی میں غیرقانونی تارکینِ وطن کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائی کے دوران معاملہ درج کیا تھا۔ دلّی پولیس اپنی چھان بین کے دوران، ملک میں داخل ہونے کے غیرقانونی راستے، جعلی شناختی دستاویزات، غیرقانونی تارکینِ وطن کو رہائش کی سہولت فراہم کرنے والوں اور غیرقانونی تارکینِ وطن کو روزگار فراہم کرنے میں مدد کرنے والے ایجنٹوں کا پتہ لگانے کی کوشش کررہی تھی۔x

## Bangladesh Killed

ایک **28** سالہ ہندو آٹو رکشہ ڈرائیور، سمیر کمار داس کو اتوار کی شب بنگلہ دیش کے ضلع **Feni** کے **Daganbhuiyan** اُپ ضلع میں حملہ آوروں نے بے رحمی سے قتل کردیا گیا اور جائے واردات سے اُس کی گاڑی لے کر فرار ہوگئے۔

پولیس اور مقامی ذرائع کے مطابق، سمیر کمار داس کو، جو سمیر چندر داس کے نام سے بھی جانے جاتے تھے، **Daganbhuiyan** اُپ ضلع ہیلتھ کمپلیکس کے قریب پیٹا گیا اور چھرا گھونپ دیا گیا۔ مقامی لوگوں نے گزشتہ روز تقریباً دو بجے رات کو جنوبی کریم پور مہوری باڑی کے قریب خون میں لت پت اُن کی لاش دیکھی اور اِس کی اطلاع پولیس کو دی۔

مقتول کے اہلِ خانہ نے بتایا کہ وہ کئی برسوں سے آٹو رکشہ چلا کر اپنے خاندان کی کفالت کر رہے تھے۔ جب وہ اتوار کی سہ پہر تک گھر واپس نہ آئے تو اہلِ خانہ نے تشویش کا اظہار کیا۔ خاندان نے واقعے کی مکمل تحقیقات اور فوری انصاف کا مطالبہ کیا ہے۔

Daganbhuiyan اُپ ضلع تھانے کے انچارج آفیسر محمد فیض العظیم نے بتایا کہ تحقیقات جاری ہیں اور اِس واقعے میں ملوث افراد کی شناخت اور گرفتاری کی کوششیں کی جارہی ہیں۔ پولیس یہ بھی جانچ کررہی ہے کہ آیا یہ قتل صرف ڈکیتی کی نیت سے کیا گیا یا اس کے پیچھے کوئی اور عوامل بھی کارفرما تھے، تاہم ابتدائی چھان بین سے ظاہر ہوتا ہے کہ قتل کا منصوبہ پہلے سے بنایا گیا تھا۔x

## German Chancellor

جرمنی کے چانسلر Friedrich Merz آج بنگلورو پہنچے ہیں۔ کرناٹک کی بڑی اور اوسط درجے کی صنعتوں کے وزیر MB Patil نے اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ ہوائی اڈے پر، اُن کا استقبال کیا۔ آئی ٹی سِٹی کے دورے کے دوران، جناب Merz جرمنی کی کمپنی Bosch کے انڈیا ہیڈ کوارٹرس کا دورہ کریں گے۔ وہ بنگلورو سے روانہ ہونے سے پہلے انڈین انسٹی ٹیوٹ آف سائنس میں Nano سائنس اینڈ انجینئرنگ مرکز کا بھی دورہ کریں گے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب MB Patil نے کہا ہے کہ چانسلر Merz کے بنگلورو کے دورے سے جرمنی کے ساتھ تعلقات مزید مستحکم ہوں گے اور ترقی، جدت طرازی اور اشتراک کے مشترکہ ویژن کو آگے بڑھانے میں مدد ملے گی۔x

## Govt - PLI Auto

حکومت نے پیداوار سے مربوط ترغیب PLI آٹو اسکیم کے تحت 13 لاکھ 61 ہزار سے زیادہ الیکٹرک گاڑیوں کو ترغیبات فراہم کی ہیں۔

بھاری صنعتوں کی وزارت نے بتایا کہ اِس اسکیم کے تحت الیکٹرک گاڑیوں اور ہائڈروجن ایندھن سیل کل پرزوں پر 13 سے 18 فیصد اور دیگر جدید ترین آٹو موٹو ٹیکنالوجی کل پرزوں پر 8 سے 13 فیصد ترغیبات کی پیشکش کی جاتی ہے۔

وزارت نے بتایا کہ یہ ترغیبات 10 لاکھ سے زیادہ الیکٹرک دو پہیہ گاڑیوں، 2 لاکھ سے زیادہ تپہیہ گاڑیوں تقریباً 80 ہزار چار پہیے والی گاڑیوں اور تقریباً 1 ہزار 400 الیکٹرک بسوں پر فراہم کی گئی ہیں۔

اِس اسکیم کی منظوری 2021 میں دی گئی تھی، جس کا مقصد جدید ترین آٹو موٹو ٹیکنالوجی مصنوعات تیار کرنے کی صلاحیت میں اضافہ کرنا، لاگت میں کمی لانا اور ایک بڑی سپلائی چین تعمیر کرنا ہے۔x

## Govt Sports

حکومت نے تمام تسلیم شدہ قومی کھیلوں کی انجمنوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنی متعلقہ تنظیموں کے اندر بین الاقوامی تعلقات اور کھیلوں میں میک اِن انڈیا سے متعلق مخصوص کمیٹیاں تشکیل دیں۔ نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کی وزارت نے کہا ہے کہ ان کمیٹیوں کی تشکیل سے ملک کی عالمی سطح پر کھیل کود کی سرگرمیوں اور کھیل کود سے متعلق سفارت کاری کو تقویت ملے

گی، جبکہ آتم نربھر بھارت کے ویژن کے مطابق کھیلوں میں مقامی صلاحیتوں کو فروغ حاصل ہوگا۔ وزارت نے کہا کہ بین الاقوامی تعلقات سے متعلق کمیٹی متعلقہ بین الاقوامی انجمنوں میں ہونے والی پیشرفت پر نظر رکھے گی، جس میں مقابلے سے متعلق ضابطے، ڈھانچے، انتظامی فریم ورک، انتخابات اور کھلاڑیوں پر مرکوز پروگرام شامل ہیں۔

کمیٹی میں انجمنوں کے سینئر ارکان، سابق بین الاقوامی کھلاڑی، کوچز اور عالمی کھیلوں کی انتظامیہ اور سفارت کاری کا تجربہ رکھنے والے ماہرین شامل ہوں گے۔ وزارت نے کہا کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے گی کہ تمام بین الاقوامی سرگرمیاں، حکومت کی پالیسیوں اور اولمپک منشور کے ساتھ ہم آہنگ ہوں اور اچھی کارکردگی کے اصولوں پر عمل آوری، اینٹی ڈوپنگ کی تعمیل اور کھلاڑیوں کے تحفظ کے اصولوں پر مبنی ہوں۔x

## Badminton - India Open 2026

انڈین اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ آج نئی دلّی میں اندرا گاندھی انڈور اسٹیڈیم میں شروع ہو گیا ہے۔ دو بار اولمپک تمغہ جیتنے والی پی وی سندھو بھارت کے اِس چیلنج میں قائدانہ کردار ادا کریں گی۔ سندھو کو فی الحال 18 واں درجہ حاصل ہے اور وہ 2025 کے ایک مشکل سیزن اور طویل عرصے تک ایک چوٹ سے صحتیابی کے بعد واپس آرہی ہیں۔

اِدھر مالویکا بنسوڑ اور نوجوان تنوی شرما، خواتین کے سنگلز میں بھارت کی نمائندگی کریں گی۔

خواتین کے ڈبلز تریسا جولی اور گائتری گوپی چند، بھارتی چیلنج میں قائدانہ کردار ادا کریں گی۔

مردوں کے سنگلز میں لکشیہ سین اور آیوش شیٹی اپوننگ راؤنڈ میں ایک دوسرے کا مقابلہ کریں گے، جس کا مطلب ہے کہ اِن میں سے کوئی ایک آگے تک جائے گا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆